CBE INTERNATIONAL

# مرد، عورتیں اور بائبل کی مساوات

بائبل تخلیق میں اور نجات میں مرد اور عورتوں کی مکمل مساوات کی تعلیم دیتی ہے (پیدائش 1 باب 26 تا 28 آیات، 2 باب 23 آیت؛ 5 باب 1 اور 2 آیت؛ 1 کرنتھیوں 11 باب 11 اور 12 آیت؛ گلتیوں 3 باب 13، 18 آیت، 5 باب 1 آیت)۔

بائبل ہمیں تعلیم دیتی ہے کہ خدا نے خود کو صحائف، خدا کے بااختیار کلام، کی کاملیت میں ظاہر کیا (متی 5 باب 18 آیت؛ یوحنا 10 باب 35 آیت؛ 2 تمیتھیس 3 باب 16 آیت؛ 2 پطرس 1 باب 20 اور 21 آیت)۔ ہمارا یہ ایمان ہے کہ صحائف کی تشریح پاکیزگی کے ساتھ اور با عنوان ہونی چاہیئے۔ ہم الہام اور تشریح کے مابین امتیاز پیدا کرنے کی ضرورت کو بھی سمجھتے ہیں: الہام الٰہی تسلسل اور کنٹرول سے تعلق رکھتا ہے جس میں تمام کینن کا صحیفہ خدا کا کلام ہے؛ تشریح انسانی عمل سے تعلق رکھتی ہے جس میں ہم روح القدس کی ہدایت سے اور صحائف کی کاملیت کے ساتھ ہم آہنگی میں نمایاں سچائی کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ حقیقتاً بائبلی بننے کیلیئے، مسیحیوں کو صحائف کی روشنی میں اپنے ایمان کا تجزیہ کرنا اور اسکی مشق کرنی چاہیئے۔

## بائبل کی سچائیاں

### تخلیق

1۔ بائبل سکھاتی ہے کہ مرد اور عورت دونوں خدا کی صورت پر خلق کیئے گئے تھے، ان کا خدا کے ساتھ براہ راست رشتہ تھا، اور مشترکہ طور پر بچوں کی افزائش اور نشوونما کی اور ساری مخلوقات پر حاکم ہونے کی ذمہ داریوں کو بانٹتے تھے (پیدائش 1 باب 26 تا 28 آیت)۔

2۔ بائبل سکھاتی ہے کہ مرد اور عورت دونوں مکمل اور مساوی شراکت داری کیئے خلق کیئے گئے ہیں۔ پیدائش 2 باب 18 آیت میں لفظ ''مددگار'' (ezer) جو عورت کا عہدہ بیان کرنے کیلیئے استعمال کیا گیا ہے، پرانے عہدنامہ کے اکثر واقعات میں خدا کا حوالہ پیش کرتا ہے (یعنی، 1 سیموئیل 7 باب 12 آیت؛ 121 زبور 1 اور 2 آیت)۔ نتیجتاً یہ لفظ عورت کی ماتحتی یا کمتری کا کوئی بھی مفہوم بیان نہیں کرتا۔

3۔ بائبل سکھاتی ہے کہ عورت کو مرد میں سے تشکیل دیا جانا انسانوں کی مساوات اور بنیادی اتحاد کو ظاہر کرتا ہے (پیدائش 2 باب 21 تا

23 آیت)۔ پیدائش 2 باب 18، 20 آیت میں لفظ "اسکی مانند" (kenegdo) مساوات اور موزوں ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔

4۔ بائبل سکھاتی ہے کہ آدم اور عورت گناہ میں سہ شرکہ تھے: آدم حوا کی نسبت کم قصور وار نہیں تھا (پیدائش 3 باب 6 آیت؛ رومیوں 5 باب 12 تا 21 آیت؛ 1 کرنتھیوں 15 باب 21 تا 22 آیت)۔

5۔ بائبل سکھاتی ہے کہ آدم کی حوا پر حکمرانی گناہ کا نتیجہ تھی اور اسی لئے اصل تخلیق کا حصہ نہیں تھی۔ پیدائش 3 باب 16 آیت خدا کے منصوبے کے بیان کی بجائے گناہ کے اثرات کی پیشن گوئی ہے۔

**نجات:**

6۔ بائبل سکھاتی ہے کہ یسوع مسیح مردوں کو اور عورتوں کو بھی نجات دینے آیا۔ مسیح پر ایمان کے وسیلہ سے ہم خدا کے فرزند، مسیح میں ایک، اور بنا نسلی، معاشرتی یا جنسی امتیاز کے نجات کی برکات کے وارث بن جاتے ہیں (یوحنا 1 باب 12 اور 13 آیت؛ رومیوں 8 باب 14 تا 17 آیت؛ 2 کرنتھیوں 5 باب 17 آیت؛ گلتیوں 3 باب 26 تا 28 آیت)۔

**معاشرہ:**

7۔ بائبل سکھاتی ہے کہ پینتیکوست پر روح القدس مردوں اور عورتوں دونوں پر یکساں نازل ہوا۔ بنا کسی امتیاز کے، روح القدس مردوں اور عورتوں میں بستا ہے، اور خدا کی سلطنت بنا جنسی امتیاز کے تحائف تقسیم کرتی ہے (اعمال 2 باب 1 تا 21 آیت؛ 1 کرنتھیوں 12 باب 7، 11 آیت، 14 باب 31 آیت)۔

8۔ بائبل سکھاتی ہے کہ مرد اور عورتیں اپنے روحانی تحائف کو فروغ دینے اور انہیں بطور خدا کے فضل کے نگہبان استعمال کرنے کیلئے بلائے گئے ہیں (1 پطرس 4 باب 10 اور 11 آیت)۔ مرد اور عورتیں دونوں مسیح کے اختیار تلے مسیح کے بدن کو بشارت دینے کیلئے تحائف اور قوت سے نوازے گئے ہیں (اعمال 1 باب 14 آیت، 18 باب 26 آیت، 21 باب 9 آیت؛ رومیوں 16 باب 1 تا 7، 12 تا 13، 15 آیات؛ فلپیوں 4 باب 2 تا 3 آیت؛ کلسیوں 4 باب 15 آیت؛ مرقس 15 باب 40 تا 41 آیت، 16 باب 1 تا 7 آیت؛ لوقا 8 باب 1 تا 3 آیت؛ یوحنا 20 باب 17 تا 18 آیت بھی دیکھیں؛ پرانے عہد نامہ کی مثالوں کا بھی تجزیہ کریں قضات 4 باب 4 تا 14 آیت،

5باب 7 آیت ،2تواریخ 34باب 22 تا28 آیت ؛امثال 31باب 30 تا 31 آیت ؛ میکاہ6باب 4 آیت )۔

9۔ بائبل سکھاتی ہے کہ، نئے عہدنامہ کی معیشت میں ،مرد اور عورتیں بھی نبوی، کاہنانہ اور شاہی تقریبات کی مشق کرتی ہیں (اعمال 2 باب 17 تا 18 آیت ، 21باب 9 آیت ؛ 1 کرنتھیوں 11 باب 5 آیت ؛ 1 پطرس 2 باب 9 تا 10 آیت ؛ مکاشفہ 1 باب 6 آیت ، 5باب 10 آیت )۔اس لئے چند منفرد قسم کے حوالہ جات جو عورتوں کی مکمل آزادی کو محدود کرتے دکھائی دیتے ہیں ان کی تشریح سادہ طور پر اور باقی صحائف کے برعکس نہیں کرنی چاہیے، بلکہ ان کی تشریح میں کلام کی وسیع تعلیم اور ان کے مکمل متن کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے (1 کرنتھیوں 11باب 2 تا16 آیت ،14باب 33 تا 36 آیت ؛1 تیمتھیس 2باب 9 تا 15 آیت )۔

10۔ بائبل قیادت کے عمل کو دوسروں کو خدمت کیلئے قوت عطا کرنے کے طور پر واضح کرتی ہے بجائے کہ ان پر قوت کی مشق کرنے کے طور پر (متی 20باب 25 تا 28 آیت ، 23باب 8 آیت ؛ مرقس 10باب 42 تا 45 آیت ؛ یوحنا 13باب 13 تا 17 آیت ؛گلتیوں 5باب 13 آیت ؛1 پطرس 5باب 2 تا 3 آیت )۔

**خاندان:**

11۔ بائبل سکھاتی ہے کہ شوہر اور بیویاں زندگی کے فضل کے یکساں وارث ہیں اور یہ کہ وہ اکٹھے باہمی رفاقت اور ذمہ داری میں منسلک ہیں (1 کرنتھیوں 7باب 3 تا 5 آیت ؛افسیوں 5باب 21 آیت ؛1 پطرس 3باب 1 تا 7 آیت ؛پیدائش 21باب 12 آیت )۔بطور "سر" (kephale)شوہر کا کام اس رشتے کے باہمی تعلق میں اور خود۔دے محبت کے طور پر سمجھا جانا چاہیے (افسیوں 5باب 21 تا 33 آیت ؛ کلسیوں 3باب 19 آیت ؛1 پطرس 3باب 7 آیت )۔

12۔ بائبل سکھاتی ہے کہ والداؤں اور والدوں دونوں کو اپنے بچوں کی فطرت، تربیت، سلیقہ مندی اور تعلیم میں قیادت کی مشق کرنی چاہیے (خروج 20باب 12 آیت ؛احبار 19باب 3 آیت ؛استثنا 6باب 6 تا 9 آیت ، 21باب 18 تا 21 آیت ، 27باب 16 آیت ؛ امثال 1باب 8 آیت ، 6باب 20 آیت ؛ افسیوں 6باب 1 تا 4 آیت ؛کلسیوں 3باب 20 آیت ، 2 تیمتھیس 1باب 5 آیت ؛ لوقا 2باب 51 آیت بھی دیکھیں)۔

# اطلاق

## معاشرہ:

1۔ کلیسیا میں، مردوں اور عورتوں کے روحانی تحائف کو سمجھا جانا چاہئے، فروغ دینا چاہئے اور شمولیت کیک تمام معیاروں پر منسٹریوں کو تعلیم دینے اور ان کی خدمت میں استعمال کرنا چاہئے: بطور چھوٹے گروہوں کے قائد، کونسلر، سہولیات کے فراہم کنندہ، ایڈمنسٹریٹر، راہنما، کمیونین سرور، اور اراکین بورڈ، اور بشارتی دیکھ بھال، تعلیم دینے، تبلیغ کرنے اور عبادت کرنے میں۔ ایسا کرنے سے کلیسیا خدا کو بطور روحانی تحائف کے منبع عزت دیں گے۔ کلیسیا خدا کے نگہبانی کے فرمان کو بھی پورا کرتی ہے بغیر خدا کی بادشاہت کے کسی نقصان کے جو اس وقت رونما ہوتا ہے جب کلسیا کے اراکین کو ان کی ذمہ داریوں سے خارج کردیا جاتا ہے۔

2۔ کلیسیا میں، ان مردوں اور عورتوں کو عوامی طور پر تسلیم کیا جانا چاہئے جو خدمت اور قیادت کا کام کرتے ہیں۔ ایسا کرنے سے، کلیسیا اس اتحاد اور ہم آہنگی کا نمونہ پیش کرے گی جو ایمانداروں کی جماعت کی خصوصیات بنتے ہیں۔ امتیازی سلوک اور شعوری افتراق سے شکستہ دنیا میں، کلیسیا خود کو دنیاوی اور غیر قوموں کے ان آلات سے بری کرے گی جو عورتوں کو عورت ہونے پر کمتری کا احساس دلانے کیلئے ترتیب دیئے گئے ہیں۔ یہ کلیسیا سے ان کی علیحدگی یا مسیحی ایمان کی مستردگی سے انہیں روکے گا۔

## خاندان

3۔ مسیحی گھر میں، شوہر اور بیوی کو ایک دوسرے کی ترجیحات، خواہشوں اور امنگوں کو پورا کرنے کیلئے ایک دوسرے سے منفرد ہونا چاہئے۔ کسی بھی جیون ساتھی کو دوسرے کو ماتحت کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہئے بلکہ ہر کسی کو، حلیمی میں دوسرے کو خود سے بہتر جانتے ہوئے، دوسرے کا خادم بننے کی کوشش کرنی چاہئے۔ فیصلہ کن تعطل کے معاملے میں انہیں بائبل میں موجود مسائل کے حل کے طریقہ کار کے وسیلہ سے حل تلاش کرنا چاہئے بجائے کہ ایک جیون ساتھی دوسرے پر اپنا فیصلہ زبردستی تھوپے۔ ایسا کرنے سے، شوہر اور بیوی مسیحی گھر کو جیون ساتھیوں کی طرف سے اختیار اور طاقت کے غیر مناسب استعمال کے خلاف کھڑا ہونے میں مدد دیں گے اور گھر کو بچوں اور بیوی کے ساتھ زیادتی سے محفوظ رکھیں گے جو بعض اوقات افسوسناک طور پر شوہر کی ''سرپرستی'' کا ترجمہ درجہ بندی کے طور پر لاتے ہیں۔

4۔ مسیحی گھر میں، دونوں ساتھیوں کو قابلیتوں، مہارت اور دستیابی کی بنیاد پر، اس ساتھی کو عزت دیتے ہوئے جو کسی فیصلے سے متاثر ہونے والا ہے، ذمہ داریوں کی قیادت کو بانٹنا سیکھنا چاہئے۔ ایسا کرنے سے، دونوں ساتھی ان کی مہارتوں کی اور ان کی توصیفات کی قدر کرنا سیکھیں گے۔ یہ کسی بھی ساتھی کو مستقل ناکام رہنے سے روکے گا، جسے اکثر خوشنود پرستی یا نفس پرستی کیلئے فریبی کارستانی کی مشق کیلئے مجبور کیا جاتا ہے۔ شراکتی بنیادوں پر اپنی ازدواج کو قائم کرتے ہوئے، یہ جوڑا اسے ان مردہ یا ٹوٹی ہوئی شادیوں کے رجحان کے ساتھ جڑنے سے محفوظ رکھے گا جو ازدواجی عصبیات کا نتیجہ ہوتی ہیں۔

5۔ مسیحی گھر میں، وہ جوڑے جو ایسا طرزِ زندگی اپناتے ہیں جو مسیح سے حاصل ہونے والی آزادی اپنے زندر سموئے ہوئے ہے وہ بغیر غلطی کے احساسات یا ریاکاری کی طرف رجوع کئے بنا ایسا کریں گے۔ وہ ایک غیر بائبلی ''روایت پرستی'' سے نکلنے کیلئے آزاد کئے گئے ہیں اور مسیح کے ساتھ اپنے باہمی احتساب میں شادمانی کر سکتے ہیں۔ ایسا کرنے سے، وہ کھلے طور پر کلام کیلئے اپنی فرمانبرداری ظاہر کریں گے، مسیح میں آزادی کے سفر میں وہ دیگر جوڑوں کیلئے ایک مثالی نمونہ بنیں گے، اور اس غالب پرستی اور ناہمواری کے خلاف کھڑے ہوں گے جو کلیسیا اور خاندان پر عائد کی جاتی ہے۔

ہم یہ مانتے ہیں اس کالم میں بیان کی جانے والی بائبل کی مساوات کلام میں سچی ہے۔

ہم اپنے اس عقیدے پر متحد ہیں کہ بائبل، اس کی کاملیت میں، آزادی دینے والا کلام ہے جو عورتوں اور مردوں کیلئے روح القدس کے عطا کردہ تحائف کی مشق کرنے اور اس طرح خدا کی خدمت کرنے کیلئے سب سے بہترین راہ مہیا کرتا ہے۔

**CHRISTIANS FOR BIBLICAL EQUALITY**

122 West Franklin Avenue, Suite 610 , Mpls, MN 55404-2426

Phone: (612) 872-6898

E-mail: cbe@cbeinternational.org

www.cbeinternational.org